**27.03.2025**

**2115 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

Music

.........................................................................

☆ لوک سبھا نے Immigration and Foreigners بل 2025 کو منظوری دے دی ہے۔ وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ بھارت، دنیا کی سب سے چھوٹی اقلیتوں کے لئے ایک پناہ گاہ رہا ہے، جہاں وہ وقار کے ساتھ زندگی گزار سکیں۔

☆ پارلیمنٹ نے مالی بل کو منظوری دے دی ہے۔ اس سے پہلے راجیہ سبھا نے بحث اور منظوری کے بعد اسے واپس بھیجا تھا۔

☆ حکومت، امداد باہمی پر مبنی سہکار ٹیکسی سروس شروع کرے گی۔

☆ وزارت دفاع نے ناگ میزائل نظام اور لائٹ وہیکلس کی خریداری کے لئے دو ہزار 500 کروڑ روپے کے سمجھوتے پر دستخط کئے ہیں۔

☆ پاکستان کے بلوچستان میں مشتبہ سورش پسندوں نے Gwadar ضلع میں پنجاب صوبے کے چھ افراد کو ہلاک کردیا ہے۔

☆ کھیلو انڈیا پیرا گیمس 2025 نئی دلی میں ختم ہوگئے ہیں۔

☆ اور کشتی میں Reetika Hooda اُردن کے شہر عمان میں ایشیائی چمپئن شپ میں خواتین کے 76 کلوگرام زمرے کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

.........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### LS- Immigration Bill

لوک سبھا نے Immigration اورForeigners بل 2025 کو منظوری دے دی ہے۔ اس بل کا مقصد Immigration قوانین کو جدید بنانا ہے اور اس کے تحت مرکزی سرکار کو پاسپورٹ، سفری دستاویزات، ویزا اور رجسٹریشن سے متعلق بعض اختیارات دیئے گئے ہیں۔ بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ یہ بل قومی سلامتی کو مستحکم کرنے کیلئے اہمیت کا حامل ہے اور اس سے بھارتی یونیورسٹیوں کے عالمی معیار اور تحقیق و ترقی کے لئے بنیاد تیار کئے جانے اور مینوفیکچرنگ کو یقینی بنایا جاسکے گا۔ انھوں نے کہا کہ بھارت ایک جغرافیائی ثقافتی

ملک ہے نہ کہ جغرافیائی سیاسی۔

(Byte AMIT SHAH-1)

وزیر داخلہ نے کہا کہ بھارت ایک عرصے سے ترکِ وطن کرنے والوں کا خیرمقدم اور تحفظ کرتا رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ماضی میں حملوں کے سبب بہت سے پرشین رفیوجیز جو ترک وطن کرکے بھارت آئے وہ محفوظ ہیں۔ جناب شاہ نے کہا کہ بھارت دنیا کی سب سے چھوٹی اقلیتوں کے لئے پناہ گاہ رہا ہے اور انھیں یہاں عزت و وقار کے ساتھ جینے کا موقع ملا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اسرائیل کے یہودیوں نے بھارت میں پناہ چاہی اور انھیں تحفظ ملا۔

(Byte AMIT SHAH-2)

جناب شاہ نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت کے تحت حکومت نے ہمسایہ ملکوں سے آنے والی برادریوں کو پناہ فراہم کی ہے۔

انھوں نے کہا شہریت ترمیمی ایکٹ کے تحت چھ ستائی گئیں برادریاں اب بھارت میں محفوظ طریقہ سے زندگی گزار رہی ہیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ جو لوگ ملک کی معیشت اور ترقی میں تعاون دینے کے لئے بھارت آتے ہیں، ان کا ہمیشہ خیرمقدم کیا جاتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ایسے لوگوں کی تعداد میں بھی اضافہ ہوا ہے جو پناہ حاصل کرنے کے لئے نہیں، بلکہ خود غرضانہ مقاصد کے لئے بھارت آتے ہیں۔ جناب شاہ نے کہا کہ چاہے روہنگیا ہوں یا بنگلہ دیشی، اگر وہ امن میں خلل ڈالنے کے لئے آرہے ہیں تو ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔X

## RS Finance Bill

مرکزی بجٹ 26-2025 کیلئے پارلیمانی منظوری کا عمل آج مکمل ہوگیا۔ راجیہ سبھا نے مالیاتی بل،2025 اور Appropriation (نمبر 3) بل، 2025 کو بحث اور منظوری کے بعد لوک سبھا کو واپس کر دیا۔ اس طرح 26-2025 کیلئے مرکزی بجٹ کیلئے پارلیمانی منظوری کا عمل مکمل ہوگیا۔ لوک سبھا نے منگل کو مالیاتی بل 2025 کو منظوری دی تھی۔ مالیاتی بل، مالی سال 26-2025 کے لیے مرکزی حکومت کی مالی تجاویز کو پورا کرے گا۔

مالیاتی بل، 2025 اور Appropriation (نمبر 3) بل، 2025 پر ایوان میں بحث کا جواب دیتے ہوئے وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا کہ مالیاتی بل 2025 کا مقصد ٹیکس کو یقینی بنانا، کاروبار میں آسانی کو فروغ دینا اور بھارتی ٹیکس دہندگان کا احترام کرناہے۔

انہوں نے کہا کہ انکم ٹیکس کے نئے سلیب میں آسانیاں فراہم کی گئی ہیں۔محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ مالیاتی بل میں صنعتی ساز و سامان کیلئے مخصوص کسٹم ٹیرف کی شرحوں کو ہٹانے کی تجویز ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہت سی بھارتی برآمدات زیادہ مسابقتی ہو جائیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت ہر بجٹ میں ملک کی بیٹریوں کی تیاری کا مرکز بننے کی خواہش کو پورا کرنے کے لیے محصولات میں کمی کر رہی ہے۔ x

## LS Cooperative Tax

امور داخلہ اور امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے اعلان کیا ہے کہ حکومت 'سہکار' ٹیکسی شروع کرے گی، جو امداد باہمی اداروں کے ذریعے Uber اور Ola کی طرز پر چلائی جانے والی سروس ہے۔

جناب امت شاہ، لوک سبھا میں بحث کے دوران اظہار خیال کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پہل سہکار سے

سمردھی اسکیم کے وژن کے عین مطابق ہے۔

S/B: Amit Shah Taxi

**Shah Hurriyat**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج کہا کہ حریت سے وابستہ مزید دو گروپوں نے علیحدگی پسندی کو ترک کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر کے علیحدگی پسند گروپوں، تحریکی استقلال اور تحریک استقامت، نے وزیر اعظم نریندر مودی کے ذریعے بنائے جانے والے نئے بھارت پر اپنا اعتماد ظاہر کیا ہے۔ وزیر داخلہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں یہ اعلان کرتے ہوئے کہا کہ علیحدگی پسندی اپنی آخری سانسیں لے رہے ہیں اور یہ کہ اتحاد کی جیت پورے کشمیر میں گونج رہی ہے۔ x

**Defence Procurements**

وزارت دفاع نے آج ایک ٹینک شکن اسلحہ پلیٹ فارم ناگ میزائل سسٹم NAMIS اور 5 ہزار ہلکی گاڑیوں کی خریداری کے لیے 2500 کروڑ روپے کے معاہدے پر دستخط کیے۔ وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ NAMIS اور ہلکی گاڑیوں کی خریداری سے اندرون ملک پیداوار اور قومی دفاعی سازوسامان کی تیاری کی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔ یہ پروجیکٹس کل پرزوں کی تیاری کے ذریعے MSME سیکٹر کی حوصلہ افزائی کرکے براہ راست اور بالواسطہ روزگار پیدا کرنے کی بے پناہ صلاحیت رکھتے ہیں۔

ملک میں ہی ڈیزائن اور تیار کردہ زمرے کے تحت ان معاہدوں پر نئی دلّی میں دفاع کے سکریٹری راجیش کمار سنگھ کی موجودگی میں دستخط کیے گئے۔ NAMIS (Tr) ایک انتہائی جدید ترین ٹینک شکن ہتھیار ہے۔x

**India Cold Chain**

بھارت کولڈ چین اور ویکسین کے بندوبست کے معاملے میں دوسرے ملکوں کو تربیت فراہم کررہا ہے۔ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ اینڈ فیملی ویلفیئر NIHFW، نیپال اور ملاوی کو پہلے ہی تربیت فراہم کرچکا ہے اور اُن کے ویکسین کے مؤثر بندوبست کے نظام میں مدد کی ہے۔ انسٹی ٹیوٹ، قومی اور بین الاقوامی سطح پر سبھی کولڈ چین اور ویکسین بندوبست اقدامات کے لئے تکنیکی مدد فراہم کرتا ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات چیت کرتے ہوئے NIHFW کے ڈائریکٹر ڈاکٹر دھیرج شاہ نے کہا کہ انسٹی ٹیوٹ ٹیکنیشین اور ورکروں کو ساز و سامان اور آلات کے مناسب استعمال کے لئے بھی تربیت فراہم کرتا ہے۔

(S/B Dr. Dheeraj Shah)

**Reddy Coal Auction**

کوئلے اور کانکنی کے مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے آج نئی دلی میں کوئلے کے کان کی تجارتی نیلامی کے بارہویں دور کا آغاز کیا۔ جناب ریڈی نے اس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت میں کوئلے کے شعبے نے رواں مالی سال میں کوئلے کی پیداوار ایک ارب ٹن سے تجاوز کرکے ایک تاریخی سنگ میل حاصل کیا ہے۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ بھارت میں، دنیا میں کوئلے کا پانچواں سب سے بڑا ذخیرہ ہے اور کوئلے کی پیداوار اور کھپت والا دوسرا سب سے بڑا ملک بھی ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ نجی شعبے کی شراکتداری اور نئی ٹیکنالوجی کو اختیار کئے جانے کی وجہ سے شعبے

میں بڑے پیمانے پر تبدیلی آئی ہے۔
جناب ریڈی نے اس بات کا ذکر کیا کہ گیارہویں راؤنڈ تک، کوئلے کی کُل 125 کانوں کی کامیابی کے ساتھ نیلامی کی جاچکی ہے، جس سے امید ہے کہ 40 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم کی سرمایہ کاری ہوگی اور چار لاکھ بلاواسطہ اور بالواسطہ روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ x

(S/B G. Kishan Reddy)

## Shivraj MSP Direction

مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے زور دے کر کہا کہ مرکزی حکومت، کسان دوست ہے اور کسانوں کی بہتری کیلئے پورے عزم کے ساتھ مسلسل کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سمت میں کسانوں سے کم از کم امدادی قیمت MSP پر پیداوار خریدنے کا کام بھی کیا جا رہا ہے۔ جناب چوہان نے کہا کہ ریاستی حکومتیں اس بات کو یقینی بنائیں کہ MSP سے کم قیمت پر فصلوں کی کوئی خریداری نہ ہو۔ جناب چوہان نے بتایا کہ آندھرا پردیش، گجرات، کرناٹک، مہاراشٹر اور تلنگانہ میں MSP پر خریداری جاری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس مہینے کی 25 تاریخ تک ان ریاستوں میں کل 2.46 لاکھ میٹرک ٹن تور کی خریداری کی گئی ہے جس سے 1.71 لاکھ سے زیادہ کسانوں کو فائدہ پہنچا ہے۔

انہوں نے کہا کہ اتر پردیش میں تور دال کی قیمت فی الحال MSP سے اوپر چل رہی ہے۔ وزیر موصوف نے اجاگر کیا کہ MSP پر کسانوں سے پیداوار خریدنے کا کام جاری ہے۔ جناب چوہان نے کہا کہ دالوں کی گھریلو پیداوار بڑھانے کے لیے، کسانوں کی حوصلہ افزائی اور درآمدات پر انحصار کم کرنے کے لیے حکومت نے قیمت امدادی اسکیم PSS کے تحت سال 2024-25 کے دوران تور، اُڑد اور دیگر دالوں کی خریداری ریاستی پیداوار کے 100 فیصد پر منظوری دی ہے۔

S/B: Shivraj Singh Chauhan

## Paswan NDA Bhar

مرکزی وزیر اور لوک جن شکتی پارٹی (رام ولاس) کے سربراہ چراغ پاسوان نے کہا ہے کہ قومی جمہوری اتحاد، NDA پوری طرح متحد ہے اور مضبوطی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ پارلیمنٹ کے باہر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب پاسوان نے کہا کہ بہار کے NDA لیڈروں نے کل نئی دہلی میں میٹنگ کی اور ریاست میں آئندہ اسمبلی انتخابات کی حکمت عملی پر غور و خوض کیا۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس اور RJD کے درمیان بالادستی کی جنگ جاری ہے۔ بہار میں اسمبلی انتخابات اس سال کے آخر میں منعقد ہونے ہیں۔

S/B: Chirag Paswan

## Balochistan Killed

پاکستان کے بلوچستان میں مشتبہ شورش پسندوں نے پنجاب صوبے سے تعلق رکھنے والے 6 افراد کو گوادر ضلع میں ایک مسافر بس سے زبردستی اتارنے کے بعد گولی مار کر ہلاک کر دیا۔ پولیس کے سینئر سپرنٹنڈنٹ حفیظ بلوچ نے بتایا

کہ حملہ کل رات دیر گئے اس وقت کیا گیا، جب مسلح افراد نے اورماڑہ شاہ راہ پر Kalmat علاقے کے قریب کراچی جانے والی ایک بس کو روکا۔ حملہ آوروں نے تین دیگر افراد کو بھی اغوا کر لیا۔ کسی گروپ نے اس کی ذمہ داری قبول نہیں کی ہے لیکن نسلی بلوچ ملیٹینٹس، اس سے قبل پنجاب کے لوگوں کو نشانہ بنا چکے ہیں۔ x

**Khelo India- Closing Cermony**

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی مرکزی وزیر مملکت Raksha Nikhil Khadse کی موجودگی میں آج نئی دلی میں جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں کھیلو انڈیا پیرا گیمز 2025 اختتام پذیر ہوگئے۔ اپنے خطاب میں انھوں نے کہا کہ کھیلو انڈیا پیرا گیمز ایتھلیٹس کو اپنے فن کا مظاہرہ کرنے اور قومی سطح پر مقابلہ کرنے کے لئے ایک اہم پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔ انھوں نے اجاگر کیا کہ اس ایونٹ کے دوران 18 قومی ریکارڈس توڑے گئے ہیں۔

محترمہ رکشا کھڈسے نے شمال مشرقی ریاستوں سے تعلق رکھنے والے کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی کی ستائش کی، جو ان کی مضبوط قوت ارادی کو ظاہر کرتی ہے۔

انھوں نے ملک بھر میں کھیلوں کی توسیع اور ترقی کے لئے حکومت کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔ اس موقع پر انھوں نے کھیلو سے متعلق سہومیات تک رسائی پر ایک Hand book کا بھی اجرائ کیا۔ کھیلو انڈیا پیرا گیمز کے دوسرے ایڈیشن میں کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی دیکھی گئی۔ پیرا ایتھلیٹس نے 550 سے زیادہ تمغے حاصل کئے۔

**Wrestling Asian**

کشتی میں اولمپک کھلاڑی Reetika Hooda آج اردن کے شہر عمان میں ایشیائی چمپئن شپ کے خواتین کے 76 کلوگرام زمرے کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ 55 کلوگرام کے زمرے میں کانسے کے تمغے کے لئے Nishu کا مقابلہ منگولیا کی Otgontuya Bayanmunkh سے ہوگا۔ 68 کلوگرام کے زمرے میں مانسی لاٹھر اور 59 کلوگرام کے زمرے میں مُسکان بھی کانسے کے تمغے کے مقابلے میں پہنچ گئی ہیں۔ ان کا سامنا منگولیا کی Altjin Togtolh سے ہوگا۔x

**PM Harichand Thakur**

وزیر اعظم نریندر مودی نے شری شری ہری چند ٹھاکر کو آج ان کے یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ مساوات، ہمدردی اور انصاف کے فروغ کے لیے شری ٹھاکر کی کوششوں کی ستائش کرتے ہوئے جناب مودی نے متوا دھرم مہا میلہ 2025 کیلئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ متوا دھرم مہا میلہ، 2025 متوا برادری کی شاندار ثقافت کی نمائش کرے گا۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ حکومت نے متوا برادری کی فلاح و بہبود کے لیے متعدد اقدامات کیے ہیں اور آنے والے وقت میں ان کی فلاح و بہبود کے لیے انتھک محنت جاری رہے گی۔x

☆☆☆☆☆☆